## منتخب حق پرست نمائندے ہرقسم کی تفریق سے بالاتر ہوکرعوام کی زیادہ سے زیادہ بلاامتیاز خدمت کریں۔الطاف حسین

## عوام مختلف قسم کے مسائل اور پریشانیوں کا شکار ہیں لہٰذا حق پرست وزراء،ارکان اسمبلی اور حق پرست ناظمین عوام کے مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دیں

## حق پرست صوبائی وزیر اسپورٹس ڈاکٹر محمد علی شاہ،حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان اور نوابشاہ کے حق پرست تعلقہ ناظم عبدالرؤف سے ملاقات کے موقع پر گفتگو

## نیشنل ری کنسٹرکشن بیورو کے چیئرمین ڈاکٹر عاصم اور ممتاز نیفرولوجسٹ ڈاکٹر وقار کاظمی نے بھی جناب الطاف حسین سے ملاقات کی

لندن۔۔۔20 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے منتخب حق پرست نمائندوں پر زور دیا ہے کہ وہ ہرقسم کی تفریق سے بالاتر ہوکرعوام کی زیادہ سے زیادہ بلاامتیاز خدمت کریں۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں حق پرست صوبائی وزیر اسپورٹس اور ممتاز سرجن ڈاکٹر محمد علی شاہ،حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان اور نوابشاہ کے حق پرست تعلقہ ناظم عبدالرؤف سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست نمائندوں سے کہا کہ رنگ،نسل،زبان،برادری،قومیت اور مذہب سے بالاتر ہوکر انسانوں کی بلاامتیاز خدمت کرنا ہی متحدہ قومی موومنٹ کا شعار ہے اور ایم کیوایم کے تمام منتخب نمائندوں کو چاہیے کہ وہ تحریک کے اس اصول کی پاسداری کرتے ہوئے عوام کی خدمت کریں ۔انہوں نے کہا کہ عوام مختلف قسم کے مسائل اور پریشانیوں کا شکار ہیں لہٰذا حق پرست صوبائی وزراء،ارکان اسمبلی اور حق پرست ناظمین عوام کے مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دیں،شہری اور دیہی علاقوں کی ترقی اورعوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی پر یکساں توجہ دیں۔نیشنل ری کنسٹرکشن بیورو کے چیئرمین ڈاکٹر عاصم نے بھی جناب الطاف حسین سے ملاقات کی اوران سے ملک کے مجموعی سیاسی صورتحال اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔علاوہ ازیں ممتاز نیفرولوجسٹ ڈاکٹر وقار کاظمی نے بھی انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں جناب الطاف حسین سے ملاقات کی ۔ جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر وقار کاظمی کی پیشہ وارانہ خدمات کو سراہا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید، رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، جاوید کاظمی،آصف صدیقی اور مصطفےٰ عزیزآبادی بھی موجود تھے۔

## علامہ شاہ تراب الحق قادری سے الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔20 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جماعت اہلسنت کے امیر علامہ شاہ تراب الحق قادری کے بھائی سیف اللہ قادری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے علامہ شاہ تراب الحق قادری سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سیف اللہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ممتاز مصور اقبال مہدی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔20 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بین الاقوامی شہرت یافتہ ممتاز مصور اقبال مہدی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے اقبال مہدی کی فنی صلاحیتوں پر زبردست خراج عقیدیت پیش کیا اور کہا کہ اقبال مہدی کے انتقال سے ملک نہ صرف ایک اچھے مصور سے محروم ہوگیا ہے بلکہ فن مصوری کے شعبہ میں جوخلاء پیدا ہوگیا ہے اسے پُر نہیں کیا جاسکتا۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم اقبال مہدی کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ کے کارکن وکیل الرحمٰن وارثی کو سپردخاک کردیا گیا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، اراکین اسمبلی، ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین، کونسلرز اور کارکنان وعوام کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی ۔۔۔20، مئی 2008ء

سرجانی ٹاؤن کے علاقے میں پیر کی شب مسلح ڈاکوؤں نے فائرنگ سے شہید ہونیوالے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 01 کے کارکن وکیل الرحمٰن وارثی۔ وکیل الرحمٰن وارثی شہید کے سوگواران میں والدین سمیت 2 بھائی اور 4 بہنیں شامل ہیں۔ وکیل الرحمٰن وارثی شہید کو نیو کراچی نمبر 6 کے قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا ۔شہید کی نماز جنازہ بعد نماظہر غوثیہ مسجد سرجانی ٹاؤن میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر شعیب بخاری، رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر نصرت، حق پرست اراکین قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین، عبدالوسیم، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی، خواجہ اظہارالحسن، عادل خان، حق پرست ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء وکیل الرحمٰن وراثی شہید کا سوئم 22، مئی بروز جمعرات کو بعد نماز ظہر غوثیہ مسجد سیکٹر L-1 سرجانی ٹاؤن میں ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد ہیپاٹائٹس کی ہفت روزہ مہم کا آغاز کردیا گیا

## خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال پاک کالونی میں 5 سو افراد کو ہیپاٹائٹس کے ٹیکے لگائے گئے

کراچی ۔۔۔20، مئی 2008ء

خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہیپاٹائٹس کے ''عالمی دن'' کے موقع پر انسداد ہیپاٹائٹس کی ہفت روزہ مہم کا آغاز کردیا گیا۔ اس سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام خورشید بیگم میڈیکل سینٹر پاک کالونی میں ہیپاٹائٹس کے ٹیکے لگانے کے انتظامات کئے گئے ہیں۔ حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور نے خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال کا دورہ کیا اور بچوں کو ہیپاٹائٹس کے ٹیکے لگانے کی مہم کے انتظامات کا جائزہ لیا اور اس پر اطمینان کا اظہار کیا اس موقع پر خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال کے انچارج عبدالقادر لاکھانی بھی موجود تھے۔ ہیپاٹائٹس کے خلاف جاری اس مہم کے دوران خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال میں شام ساڑھے چھ بجے سے ساڑھے سات بجے تک ہیپاٹائٹس کے ٹیکے لگائے جائیں گے اس مہم کے پہلے روز 5 سو افراد کو ہیپاٹائٹس سے بچاؤ کے ٹیکے لگائے گئے۔

## سلیم احمد اور افتخار احمد سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔20 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روزنامہ جنگ کے نیوز ایڈیٹر سلیم احمد کے والد شاہ علی، اور ڈیلی نیوز کے سینئر فوٹوگرافر افتخار احمد کے چھوٹے بھائی نثار احمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆